RNI NO. APURD/2009/30780

روزنامہ
صدائے حسینی
بے زبانوں کی زبان
حیدرآباد
हिन्दी दैनिक
सदा-ए-हुसैनी
ONLINE ADDITION
www.sadaehussaini.in

قیمت : 5 جلد (17) شمارہ (122) صفحات (8) 2/مئی 2025 3/ذی القعدہ 1446ھ جمعہ 02-05-2025 Friday E-mail : sadaehussaini@gmail.com

اسرائیل کو تاریخ کی سب سے بڑی آگ کا سامنا

یروشلم۔یکم/مئی (ایجنسی) اسرائیل میں مقبوضہ بیت المقدس کے قریب جنگلات میں خوفناک آگ بھڑک اٹھی، جسے دہائی کی سب سے بڑی آگ قرار دیا جا رہا ہے، آتشزدگی کے نتیجے میں کم ازکم 23 افراد زخمی ہوگئے جبکہ مقبوضہ بیت المقدس اور تل ابیب کے درمیان شاہراہ کو بند کردیا گیا، صیہونی حکومت نے آگ پر قابو پانے کے لیے عالمی برادری سے مدد مانگ لی۔ ترک نشریاتی ادارے انادولو کی رپورٹ کے مطابق تل ابیب نے بدھ کو شدید گرمی کی وجہ سے لگنے والی آگ پر قابو پانے کے لیے بین الاقوامی امداد کی درخواست کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسرائیلی حکام نے وسطی اسرائیل کے کئی قصبوں کو خالی کرا لیا ہے اور ایک اہم شاہراہ کو بند کر دیا ہے۔ اسرائیل کے چینل 12 کے مطابق یہ آگ اب 2010 میں کارمل جنگل میں لگنے والی تباہ کن آگ کے پیمانے سے تجاوز کرگئی ہے، اور سرکاری نشریاتی ادارے کے اے این کی رپورٹ کے مطابق کم ازکم 20 افراد زخمی ہوئے ہیں، جن میں سے زیادہ تر دھوئیں سے سانس لینے کی وجہ سے متاثر ہوئے ہیں۔ کے اے این نے مزید کہا کہ مقبوضہ بیت المقدس کے قریب آصف ہارون ہسپتال نے تصدیق کی ہے کہ 10 افراد کو علاج کے لیے لایا گیا ہے۔ اس سے قبل اسرائیلی روزنامہ یدیوت احرونوت نے کہا تھا کہ آگ لگنے سے 12 افراد زخمی ہوئے ہیں، فائر اینڈ ریسکیو سروس کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ نیوہ شالوم، بیکوعہ، تاز، ناخشون اور میسلات تزیون کی آبادیوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کر دیا گیا ہے۔ بڑھتے ہوئے درجہ حرارت اور تیز ہواں کی وجہ سے متعدد علاقوں میں بھڑکنے والی آگ کی وجہ سے لوگوں کو نکالنے کا عمل شروع ہوا جبکہ فائر بریگیڈ کی 111 ٹیموں اور 11 طیاروں نے آگ بجھانے کی کوششوں میں حصہ لیا۔ کے اے این نے مقبوضہ بیت المقدس اور تل ابیب کے درمیان ایشتول جنگلات کے علاقے میں بھی آگ لگنے کی اطلاع دی، حکام نے جنگل کی آگ کی وجہ سے مزید آبادیوں کے ممکنہ انخلا کے لیے ہدایات جاری کی ہیں۔ فائر اینڈ ریسکیو سروس نے آگ کی وجہ سے انتباہ کو بلند ترین سطح پر پہنچا دیا ہے اور مقبوضہ بیت المقدس اور تل ابیب کے درمیان لگنے والی آگ پر قابو پانے کے لیے بین الاقوامی مدد طلب کرلی ہے، حکام نے احتیاط کے طور پر دونوں شہروں کو ملانے والی مرکزی شاہراہ کو بھی بند کردیا۔ اسرائیل نے یونان، کروشیا، اٹلی اور یونانی قبرصی انتظامیہ سے آگ بجھانے میں مدد کی درخواست کی ہے، چینل 7 نے خبر دی ہے کہ اگر ضروری ہو تو فضائیہ کے اڈے غیر ملکی فوجوں کے فائر فائٹنگ طیاروں کو ایڈجسٹ کرنے کے لیے تیار ہیں۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق وزیر خارجہ گیدون سار نے آگ بجھانے کی کوششوں میں مدد کے لیے عالمی برادری سے رابطے شروع کردیے ہیں۔ وزیر خارجہ کے دفتر سے جاری بیان کے مطابق گیدون سار نے برطانیہ، فرانس، چیک ری پبلک، سویڈن، ارجنٹائن، اسپین، شمالی مقدونیا اور آذر بائیجان کے وزرائے خارجہ سے رابطے کیے ہیں۔ وزیراعظم آفس، وزارت قومی سلامتی، وزارت خارجہ نے اس سے قبل اعلان کیا تھا کہ اسرائیل نے باضابطہ طور پر یونان، قبرص، کروشیا، اٹلی اور بلغاریہ سے آگ پر قابو پانے میں مدد کی درخواست کی تھی۔ اسرائیلی اخبار ہیوم کی رپورٹ کے مطابق آگ لگنے کی وجہ سے جنوب میں اشدود اور اشکلون کے درمیان ٹرین سروس معطل کردی گئی ہے جس کی وجہ سے مسافروں کو جہاز سے اترنا پڑا ہے۔ دریں اثنا اسرائیلی وزیر ٹرانسپورٹ میری ریگیو نے متعلقہ حکام کو ہدایات جاری کی ہیں کہ اگر ملک کے بجلی کے گرڈ کو جنگل کی آگ سے نقصان پہنچتا ہے تو ڈیزل سے چلنے والی ٹرینوں کو تعیناتی کے لیے تیار رکھا جائے۔ مقبوضہ بیت المقدس کے ڈسٹرکٹ فائر اینڈ ریسکیو کمانڈر شملک فریڈمین کا کہنا ہے کہ یہ جنگلات کی آگ اسرائیل کی تاریخ کی سب سے بڑی آگ ہو سکتی ہے۔ وزیر دفاع اسرائیل کاٹز نے ملک بھر میں ہنگامی حالت کا اعلان کرتے ہوئے فوج کو مقبوضہ بیت المقدس کے پہاڑی علاقے میں فائر فائٹرز کی مدد کرنے کا حکم دیا ہے۔ چینل 12 کا کہنا ہے کہ اسرائیل نے جنگل کی آگ کی وجہ سے تمام طے شدہ یوم آزادی کی تقریبات منسوخ کردی ہیں۔ گزشتہ ہفتے اسرائیلی ریسکیو حکام نے بڑھتے ہوئے درجہ حرارت اور تیز ہواؤں کی وجہ سے بڑے پیمانے پر جنگلات میں لگی آگ کے درمیان وسطی اسرائیل کے متعدد قصبوں سے رہائشیوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا تھا، جس میں 10 ہزار دونم (2 ہزار 500 ایکڑ) تباہ اور 9 افراد زخمی ہوئے تھے۔

فہرست رائے دہندگان کو باقاعدہ بنانے الیکشن کمیشن کا فیصلہ

نئی دہلی۔یکم/مئی (ایجنسی) انتخابی فہرستوں میں باقاعدگی پیدا کرنے کے لئے الیکشن کمیشن آف انڈیا نے فیصلہ کیا ہے۔ اس مقصد کے لئے فہرست رائے دہندگان میں ایسے افراد کے نام حذف کردیئے جائیں گے جن کا انتقال ہوگیا ہے۔ کمیشن نے رجسٹرار آف برتھس اینڈ ڈیتھس سے راست طور پر الکٹرانک ڈاٹا حاصل کرنے کی ہدایت دی ہے۔ یہ بات آج یہاں سرکاری عہدیدار نے بتائی اور کہا کہ فہرست رائے دہندگان میں اب بھی کئی افراد کے نام شامل ہیں جو کہ بقید حیات نہیں ہیں۔ بوتھ لیول کے عہدیداروں نے اس تعلق سے تاحال توثیق نہیں کی ہے جبکہ فارم 7 کے ذریعہ اس سلسلہ میں رسمی درخواست کی گئی ہے۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے ووٹر انفارمیشن سلپس میں بھی درکار تبدیلی کا منصوبہ بنایا گیا ہے تاکہ موڈیفائی کرکے اس کو مزید رائے دہندہ۔ دوست بنایا جاسکے۔ چیف الیکشن کمشنر) سی ای سی (گیانیش کمار کی جانب سے حالیہ فیصلوں کا حوالہ دیتے ہوئے عہدیدار نے بتایا ہے کہ کمیشن اب رجسٹرار جنرل آف انڈیا سے ڈیتھ رجسٹریشن ڈاٹا الکٹرانکلی حاصل کرے گا جس کے بعد الکٹورل رجسٹریشن آفیسرس کو موت کی بروقت اطلاع حاصل ہوسکے گی۔ اس بات کا بھی علم ہوگا کہ کتنے افراد کی موت درج کی گئی ہے۔ الیکشن کمیشن نے انتخابی فہرستوں اور فہرست رائے دہندگان کو مزید باقاعدہ بنانے کا فیصلہ اس وقت کیا ہے جبکہ لوک سبھا میں قائد اپوزیشن راہول گاندھی اور چیف منسٹر مغربی بنگال ممتا بنرجی نے انتخابی فہرستوں میں نقائص اور بے قاعدگیوں کے الزامات عائد کئے ہیں۔ گزشتہ ماہ بوسٹن کے دورہ کے دوران راہول گاندھی نے الیکشن کمیشن پر یہ کہتے ہوئے تنقید کی تھی کہ یہ واضح ہوچکا ہے کہ الیکشن کمیشن نے مفاہمت کرلی ہے اور نظام میں خرابیاں پیدا ہوگئی ہیں۔ مارچ میں ترنمول کانگریس کے ارکان پارلیمنٹ نے بھی الیکشن کمیشن سے باقاعدگی پیدا کرنے کا مطالبہ کیا تھا۔ مارچ اپریل 2026 میں ریاست میں اسمبلی انتخابات ہونے والے ہیں۔

جی ایس ٹی کلیکشن معاملہ میں حکومت نے بنایا ریکارڈ

نئی دہلی۔یکم/مئی (ایجنسی) حکومت ہند کو جی ایس ٹی کلیکشن سے لگاتار خوب فائدہ حاصل ہورہا ہے۔ مالی سال 2025-26 کے پہلے ماہ میں ہی حکومت نے جی ایس ٹی کلیکشن کے معاملے میں نیا ریکارڈ قائم کرلیا ہے۔ حکومت کے کلیکشن میں گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے 12 فیصد سے زیادہ کا اضافہ دیکھا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق جی ایس ٹی کلیکشن میں اضافے کی اصل وجہ حکومت کی ٹیکس روکنے اور قوانین کو آسان بنانے کی پالیسی ہے۔ آنے والے دنوں میں اس کلیکشن میں مزید اضافہ دیکھنے کو مل سکتا ہے۔ حکومت نے مالی سال 2025-26 کے لیے اِنڈائریکٹ ٹیکس کلیکشن کا ٹارگیٹ 17 لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ کا رکھا ہے۔ اس میں قریب 11.75 لاکھ کروڑ روپے کا ٹارگیٹ جی ایس ٹی کلیکشن کا ہے۔

روینڈرا بھارتی میں منعقدہ مئی ڈے پروگرام میں وزیراعلی اے ریونت ریڈی نے شرکت کی۔

اٹاری۔واگھا سرحد مکمل طور پر بند

نئی دہلی ۔یکم/مئی (ایجنسی) تمام پاکستانیوں کو ہندوستان سے چلے جانے کی مرکزی حکومت کی ہدایت کے بعد اٹاری۔ واگھا سرحد پر ایک ہفتہ تک ہجوم رہا تاکہ سرحد عبور کی جاسکے۔ پہلگام دہشت گرد حملہ کے بعد مرکزی حکومت نے قلیل مدتی ویزا کے ساتھ تمام پاکستانی شہریوں کو ہندوستان سے روانہ ہوجانے کا حکم دیا ہے جس کے بعد سرحد پر دونوں ممالک کے عوام کا ہجوم رہا۔ دونوں طرف کے افراد سرحد عبور کرنے کے لئے بے چین تھے۔ آج مذکورہ سرحد بند کردی گئی ہے۔ ذرائع نے یہ بات بتائی اور کہا کہ اٹاری۔ واگھا سرحد کراسنگ پوائنٹ اب دونوں ممالک کے لئے مکمل طور پر بند کردی گئی ہے۔ ذرائع نے اس کی توثیق کی ہے۔ مذکورہ سرحد سے چہارشنبہ کو جملہ 125 پاکستانی ہندوستان سے روانہ ہوئے۔ اس طرح 7 دنوں کے دوران پاکستان کو جانے والے افراد کی تعداد 911 ہوگئی۔ پاکستانی ویزا رکھنے والے 15 ہندوستانی شہریوں نے بھی چہارشنبہ کو پاکستان کی سرحد عبور کی۔ اس طرح ہندوستان سے جانے والے ان افراد کی تعداد 23 ہوگئی۔

ویوز 2025 سمٹ کا آغاز

وزیراعظم مودی نے تخلیقی شعبے کو ہندوستان کی ترقی کا ستون قرار دیا



ممبئی۔یکم/مئی (ایجنسی) وزیراعظم نریندر مودی نے جمعرات کے روز ممبئی میں عالمی آڈیو ویژول اور انٹرٹینمنٹ سمٹ ''ویوز 2025'' کا افتتاح کیا، جو اپنی نوعیت کی پہلی بین الاقوامی کانفرنس ہے۔ افتتاحی تقریب ممبئی کے جیو ورلڈ سینٹر میں منعقد ہوئی، جس میں 100 سے زائد ممالک کے فنکاروں، تخلیق کاروں، سرمایہ کاروں اور پالیسی سازوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر وزیراعظم نے سمٹ کو تخلیقی صلاحیتوں، ثقافت، فلمی موسیقی، گیمنگ اور کہانی سنانے کی لہر قرار دیا۔ اپنے خطاب میں وزیراعظم مودی نے کہا کہ یہ "ہندوستان میں تخلیق، دنیا کے لیے تخلیق" کا وقت ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ دنیا کہانی سنانے کے نئے انداز تلاش کررہی ہے اور ہندوستان اس میدان میں نمایاں مقام حاصل کررہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آنے والے برسوں میں تخلیقی معیشت ملک کی جی ڈی پی میں قابل ذکر اضافہ کرسکتی ہے۔ وزیراعظم نے یہ بھی کہا کہ ہندوستان فلم پروڈکشن، ڈیجیٹل مواد، گیمنگ، فیشن، موسیقی اور لائیو کنسرٹس کے شعبوں میں ایک عالمی مرکز کے طور پر ابھر رہا ہے، اور یہ ہندوستان میں اورنج اکانومی کے آغاز کی علامت ہے۔ وزیراعظم مودی نے کہا کہ ہمارے دیوی دیوتا بھی رقص وموسیقی کے ذریعے اظہار کرتے ہیں، جو ہماری ثقافت کی گہرائیوں میں فنون لطیفہ کی موجودگی کو ظاہر کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ صدی میں ہندوستانی سنیما نے دنیا بھر میں ملک کی شناخت بنانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ راج کپور کی روس میں مقبولیت، ستیہ جیت رے کی کانز فلم فیسٹیول میں پہچان اور فلم آر آر آر کی آسکر میں کامیابی اس کی واضح مثالیں ہیں۔ وزیراعظم نے اے آر رحمان، راجامولی اور ریتوک گھٹک جیسے فنکاروں کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ہندوستانی سنیما کے لیے عالمی سطح پر جگہ بنائی۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ گزشتہ برسوں میں وہ گیمنگ انڈسٹری سے وابستہ افراد اور اداکاروں سے ملاقات کرتے رہے ہیں اور ان سے متعدد تخلیقی آئیڈیاز حاصل کیے ہیں۔ یہ چار روزہ عالمی سمٹ 1 مئی سے شروع ہوکر 4 مئی تک جاری رہے گی۔ اس کا مقصد ہندوستان کو میڈیا، تفریح اور ڈیجیٹل اختراعات کا عالمی مرکز بنانا ہے۔ اس سمٹ میں 100 سے زائد ممالک کے 10,000 سے زیادہ مندوبین، 1,000 تخلیق کار، 300 سے زیادہ کمپنیاں اور 350 سے زیادہ اسٹارٹ اپس شریک ہورہے ہیں۔

شربت جہاد بیان پر دہلی ہائی کورٹ کا اظہار برہمی، بابا رام دیو کو عدالت میں پیش ہونیکا حکم

نئی دہلی۔یکم/مئی (ایجنسی) روح افزا کے خلاف متنازعہ ریمارکس پر یوگا گرو بابا رام دیو کو دہلی ہائی کورٹ کی سخت سرزنش کا سامنا کرنا پڑا۔ عدالت نے انھیں عدالت میں ذاتی طور پر پیش ہونے کا حکم دیتے ہوئے واضح کیا کہ اگر وہ تعاون نہیں کریں گے تو توہین عدالت کی کارروائی کی جائے گی۔ عدالت نے ان کے ریمارکس کو نہ صرف ناقابل قبول بلکہ عدالتی ضمیر کو جھنجھوڑنے والا قرار دیا ہے۔ واضح رہے کہ بابا رام دیو نے ایک ویڈیو میں ہمدرد دواخانہ کے مشہور شربت روح افزا کو "شربتِ جہاد قرار دیتے ہوئے یہ دعوی کیا تھا کہ ہمدرد اپنی کمائی سے "مساجد اور مدارس تعمیر کرتا ہے، جب کہ ان کی کمپنی پتنجلی، گروکل، آچاریہ کلم اور بھارتیہ شکشا بورڈ کو فروغ دیتی ہے۔ عدالت میں سماعت کے دوران جسٹس امِت بنسل نے واضح طور پر کہا کہ یہ بیان نہایت حساس نوعیت کا ہے اور سماج میں مذہبی تفریق پیدا کرنے والا ہے۔ انہوں نے کہا، "یہ تبصرہ ہماری عدالت کی روح کو ہلا دینے والا ہے، اور اس قسم کی زبان ناقابل برداشت ہے۔ عدالت نے بابا رام دیو کو حکم دیا تھا کہ وہ ایک حلف نامہ داخل کریں اور اس میں یقین دہانی کروائیں کہ آئندہ وہ ہمدرد کے خلاف کوئی قابلِ اعتراض بیان یا اشتہار نہیں دیں گے۔ تاہم، دی گئی مہلت کے باوجود وہ نہ تو حلف نامہ جمع کرواسکے اور نہ ہی یکم مئی کو عدالت میں پیش ہوئے، جس پر عدالت نے سخت ناراضگی کا اظہار کیا۔ 3 اپریل کو بابا رام دیو نے پتنجلی کے گلاب شربت کی تشہیر کرتے ہوئے ایک متنازع ویڈیو جاری کیا، جس میں انہوں نے کہا: "ہم دیش کو آچاریہ کلم اور گروکل دینا چاہتے ہیں، جبکہ یہ روح افزا پینے والوں کا پیسہ مسجد و مدرسوں میں جاتا ہے۔ یہ شربت نہیں شربتِ جہاد ہے! ۔ اس ویڈیو میں انہوں نے لو جہاد، ووٹ جہاد جیسے الفاظ کا استعمال بھی کیا، جس پر ملک بھر میں شدید ردعمل سامنے آیا۔ اس متنازعہ ویڈیو سے ہمدرد دواخانہ نے خود کو مجروح محسوس کرتے ہوئے دہلی ہائی کورٹ کا دروازہ کھٹکھٹایا۔ ان کا مقف تھا کہ یہ بیان ان کی نیک نامی، کاروبار اور مذہبی ہم آہنگی کو متاثر کرتا ہے۔ عدالت نے ابتدائی سماعت میں بابا رام دیو کے بیان کو اشتعال انگیز اور فرقہ وارانہ قرار دیتے ہوئے ان کے خلاف کارروائی کا عندیہ دیا تھا۔ عدالت نے آئندہ سماعت کی تاریخ کا اعلان کرتے ہوئے بابا رام دیو کو پیش ہونے کا حکم برقرار رکھا ہے۔ قانونی ماہرین کا ماننا ہے کہ اگر آئندہ سماعت میں بھی وہ عدالت میں پیش نہیں ہوئے تو ان پر توہین عدالت کی کارروائی یقینی ہے۔ واضح رہے کہ روح افزا کے خلاف متنازعہ ریمارکس پر یوگا گرو بابا رام دیو کو دہلی ہائی کورٹ کی سخت سرزنش کا سامنا کرنا پڑا۔ عدالت نے انھیں عدالت میں ذاتی طور پر پیش ہونے کا حکم دیتے ہوئے واضح کیا کہ اگر وہ تعاون نہیں کریں گے تو توہین عدالت کی کارروائی کی جائے گی۔ عدالت نے ان کے ریمارکس کو نہ صرف ناقابل قبول بلکہ عدالتی ضمیر کو جھنجھوڑنے والا قرار دیا ہے۔ واضح رہے کہ بابا رام دیو نے ایک ویڈیو میں ہمدرد دواخانہ کے مشہور شربت روح افزا کو "شربتِ جہاد قرار دیتے ہوئے یہ دعوی کیا تھا کہ ہمدرد اپنی کمائی سے "مساجد اور مدارس تعمیر کرتا ہے۔

Suraj Bhan
Gems & Jewellers
Yesterday's 22ct Gold Rate
Rs. 87,750/-
For 10 gram Rate
NAMAZ TIMING

Namaz is a Pillar of Islam	ZOHAR	ASAR	MAGHRIB	ISHAA	TOMORROWS FAJAR
STARTS	12:22	4:33	6:26	7:34	5:03

Suraj Bhan
Gems & Jewellers
21-2-82, Gulzar Houz, Hyd.
040-66147553
040-24568628
040-24411553

SUPPORT US
Scan to pay with any UPI app
Be A Part Of
Sada-E-Hussaini
9246500619

اپنا اخبار اپنی بات
APNA AKHBAR APNI BAAT
sadaehussaini.com / sadaehussaini.in /
sadaehussaini@gmail.com
Mobile : 9490618051 Whatsup : 9346938539

روزنامہ
بےزبانوں کی زبان
صدائے حسینی
حیدرآباد
Sada-E-Hussaini
Friday 02-05-2025 epaper.sadaehussaini.com

آیت کریمہ: میرے ایماندار بندو ! میری زمین بہت وسیع ہے لہٰذا میری ہی عبادت کرو
(سورہ العنکبوت۔ آیت 56)

حدیث شریف: علم حاصل کرو اگرچہ تمہارے روبرو جلا دینے والی آگ ہو یا ایسا سمندر جو تمہیں غرق ردینے والا ہو۔

حضرت علیؑ نے فرمایا جو لوگوں کا پیشوا بنتا ہے تو اسے دوسروں کو تعلیم دینے سے پہلے اپنے کو تعلیم دینا چاہئے اور زبان سے درس اخلاق دینے سے پہلے اپنی سیرت و کردار سے تعلیم دنیا چاہیے۔

سورہ فاتحہ
برائے ایصال ثواب

سید احمد حسین جعفری صاحب مرحوم
ابن سید کلب حسین جعفری صاحب مرحوم
ومحترمہ کنیز عباس صاحب مرحومہ
بنت میر فیاض علی صاحب مرحوم
کی روح کو شاد فرمائیں۔
ومحترمہ فاطمہ بیگم صاحب مرحومہ
بنت سید بسم اللہ خان صاحب مرحوم

درس تبین فرقان وتفسیر قرآن

حجۃ السلام مولانا سید تقی رضا عابدی ہر صبح 6.30 غیر از روز جمعہ بمقام دفتر مجلس علماء ہند' نور خاں بازار میں درس تبین فرقان وتفسیر قرآن کا درس دینگے۔

انسان اوراس کے تمام اعضا وجوارح جوابدہ

قم۔ یکم رمئی (حوزہ نیوز ایجنسی رصدائے حسینی) معروف مفسر قرآن اور مرجع تقلید حضرت آیت اللہ جوادی آملی نے 'لوگوں سے صحیح طریقے سے بات کرنے اور برتاؤ کرنے' کے موضوع پر ایک تحریری بیان میں حضرت علی علیہ السلام کی ایک حکمت آموز روایت کی روشنی میں اہم نکات بیان کیے۔ انہوں نے فرمایا: امیرالمومنین حضرت علی علیہ السلام فرماتے ہیں: 'ایسی بات مت کہو جس کا تمہیں علم نہیں، اور اپنے آپ کو اس بات کے لیے زحمت میں نہ ڈالو جس کے متعلق تم سے سوال نہیں کیا گیا

اور نہ ہی تمہیں اس کی ذمہ داری سونپی گئی ہے۔' آیت اللہ جوادی آملی نے قرآن کریم کی سورہ اسرا، آیت 36 کا حوالہ دیتے ہوئے کہا: 'اور ایسی بات کے پیچھے نہ چلو جس کا تمہیں علم نہیں، بے شک کان، آنکھ اور دل سب کی بازپرس ہوگی۔' انہوں نے وضاحت کی کہ انسان اور اس کے تمام اعضا وجوارح یعنی آنکھ، کان، زبان اور دل روز قیامت جوابدہ ہوں گے۔ لہٰذا ضروری ہے کہ انسان صرف اسی بات کو قبول کرے جس کی سچائی پر دلیل موجود ہو، اور صرف اسی بات کی تردید کرے جس کی نادرستی پر حجت وبرہان ہو۔ آیت اللہ جوادی آملی نے مزید کہا: 'قرآن کریم ہمیں یہ سکھاتا ہے کہ نہ تو تصدیق اندھی ہو اور نہ ہی تکذیب جذباتی۔ دونوں صورتوں میں عقل، علم اور دلیل کی رہنمائی ضروری ہے۔ یہ اسلام کی دو بنیادی اصولی ہدایات ہیں۔' انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ معاشرتی گفتگو اور عوامی رویے میں ذمہ داری اور شعور کا ہونا نہایت اہم ہے، اور ہر شخص کو چاہیے کہ وہ زبان، دل اور دماغ کے استعمال میں تقویٰ، علم اور بصیرت کو مقدم رکھے۔

شام میں قتل عام کا سلسلہ جاری

دمشق۔ یکم رمئی (مہر خبررساں ایجنسی رصدائے حسینی) شام کے دروزی قبیلے کے روحانی پیشوا شیخ حکمت الھجری نے جولانی فورسز کے ہاتھوں ملک کے عوام کے حالیہ قتل عام کے بعد بین الاقوامی اداروں سے فوری مداخلت کا مطالبہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ صورت حال میں بین الاقوامی تحفظ کی درخواست کرنا قوم کا جائز حق ہے۔ الھجری نے مزید کہا کہ عالمی برادری اور بین الاقوامی اداروں نے جولانی رژیم کے وحشیانہ جرائم اور قتل عام پر خاموشی اختیار کر رکھی ہے جب کہ میڈیا اس قتل عام کو سنسر کر رہا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ شام میں جاری قتل عام کے تسلسل کو روکنے کے لیے بین الاقوامی افواج کی فوری مداخلت کی ضرورت ہے۔ دروز رہنما نے واضح کیا کہ ہمیں اب ان لوگوں پر بھروسہ نہیں کرنا چاہیے جو خود کو شام کا حکمران کہتے ہیں، الجولانی رژیم تکفیری عناصر کو قوم کے قتل عام کے لئے استعمال کرنا بند کرے۔ انہوں نے کہا کہ ہم اپنے درمیان شامی حکمرانوں سے وابستہ عناصر کی موجودگی کا مشاہدہ کر رہے ہیں۔ یہ تکفیری عناصر قتل وغارت گری کے سفاک درندوں کے سوا کچھ نہیں۔ الھجری نے کہا کہ ہمیں داعش کی طرز پر تکفیری جتھوں کے ہاتھوں شامی عوام کے قتل عام کی توقع نہیں تھی، ساحلی علاقوں میں ہونے والی نسل کشی کی بھی تفتیش نہیں کی گئی اور نہ ہی ان پر مقدمہ چلایا گیا۔

کٹگھرے میں کھڑے پاکستان نے ٹرمپ کو امن کا پیامبر قرار دیا
ہندوستان سے بچانے فریاد

نیویارک، یکم رمئی (وس)۔ پاکستان، جسے گزشتہ ماہ 22 اپریل کو ہندوستان کے جموں وکشمیر کے شہر پہلگام میں دہشت گردانہ حملے کے بعد ' کٹگھرے' کا سامنا ہے، اب امریکہ سے خود کو بچانے کی فریاد کر رہا ہے۔ انہوں نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ بھارت اور پاکستان کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی کو کم کرنے میں صرف وہی مدد کر سکتے ہیں۔ پاکستان کے 'اے آر وائی نیوز' چینل کے مطابق امریکہ میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ نے امریکی میگزین نیوز ویک کو انٹرویو دیتے ہوئے امریکی صدر ٹرمپ کو امن کا داعی قرار دیتے ہوئے ان سے مدد مانگی ہے۔ شیخ نے صدر ٹرمپ پر زور دیا ہے کہ وہ ہندوستان اور پاکستان کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی کو کم کرنے میں مدد کریں کیونکہ امریکی رہنما یورپ اور مشرق وسطیٰ میں تنازعات کو حل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ رضوان سعید شیخ نے کہا کہ ہمارے پاس آپ میں ایک ایسا صدر ہے جو دنیا میں امن کے لیے کھڑا ہے، آپ نے جنگیں ختم کیں، جنگوں کی مخالفت کی، تنازعات کے حل میں اہم کردار ادا کیا، آپ واقعی مسئلہ کشمیر کو حل کر سکتے ہیں، آج بھارت اور پاکستان دونوں کے پاس ایٹمی صلاحیت ہے، اس لیے آپ کی مداخلت ضروری ہے۔

برکتوں کا سفر

تحریر: سید حمید الحسن زیدی
سربراہ الاسوہ فاؤنڈیشن سیتاپور



سفر حج ایک بابرکت سفر ہے۔ خدا کی مہمانی کا سفر ہے۔ خانہ خدا کی زیارت کا سفر اور خانہ خدا کے گرد پروانے کی صورت طواف کرنے کا سفر ہے۔ صفا ومروہ کے بیچ سعی کا سفر، میدان عرفات میں گڑگڑا کر اپنے مالک کی رحمت کو جوش دلانے کا سفر، منی مزدلفہ کی عبادت گاہوں میں ایثار وقربانی کی مثال قائم کرنے کا سفر، غرض کہ حج بیت اللہ کا سفر، یہ سفر جو ہر اعتبار سے انتہائی مقدس بابرکت اور پاکیزہ سفر ہے جہاں مسافر کی نگاہوں کے سامنے صرف خدا ہوتا ہے اسکے ذہن ودماغ میں صرف قربت الٰہی کا تصور ہوتا ہے۔ سفر کے خطرات سے پریشان ہونے کے بجائے انسان ان خطرات کو خدا سے قریب ہونے کا ذریعہ سمجھتا ہے۔ اس کے دل میں اس گھر کی زیارت کا جذبہ موجزن ہوتا ہے جس کی طرف رخ کرنا شان بندگی ہے، جس گھر کو خدا نے اپنا کر اس کے مبارک ہونے کا اعلان کیا ہے۔ (ترجمہ) پہلا گھر جو انسان کے لئے بنایا گیا وہ مکہ میں مبارک گھر ہے جو عالمین کے لئے ہدایت کا سرچشمہ ہے یہ بیت اللہ اگر ایک طرف توحید پروردگار کی علامت ہے تو دوسری طرف جناب ہاجرہ کے ایثار وقربانی کی یادگار بھی ہے۔ خلیل خدا کی شریک حیات اس پاکیزہ بی بی نے اگر اپنے معبود پر بھروسہ کر کے اس پاک مگر بے آب وگیاہ سرزمین کو اپنا مسکن نہ بنایا ہوتا تو شاید اس بیت الٰہی کی اس طرح تعمیر کے اسباب فراہم نہ ہو پاتے لیکن اگر جناب ہاجرہ نے خدا پر توکل کی مثال قائم کرتے ہوئے اس بیت الٰہی کی سرزمین کو اپنا ملجا وماوی بنایا تو خدا نے انہیں اپنے اس گھر کی برکتوں سے محروم نہیں رکھا۔ خشک اور بے آب وگیاہ صحرا میں برکتوں کا ایسا چشمہ جاری فرمایا جس سے ہزاروں سال سے فیضیاب ہوا جا رہا ہے لیکن اس میں ذرہ برابر کمی واقع نہیں ہوتی بیت الٰہی کی عظیم برکتوں کی اس سے بڑی مثال اور کیا ہو سکتی ہے۔ اس کے علاوہ چاہ زمزم کی پاسبانی کے لئے نسل خلیل سے پورا ایک ایسا سلسلہ قائم کر دیا جس کا فیض بھی چاہ زمزم کی طرح ہمیشہ جاری وساری ہے۔ خداوند عالم نے اس مبارک گھر کی زیارت کا حکم دے کر اس کی برکتوں سے بہرہ مند ہونے کیلئے ایثار وقربانی کے مرقع اس سلسلہ عظمت کے چشمہ فیض سے فیضیاب ہونے کا شرف بھی بخشا ہے چنانچہ فریضہ حج بجا لانے والے جہاں خانہ خدا کی برکتوں سے بہرہ مند ہوتے ہیں وہیں ان بابرکت مقامات کی زیارت کا شرف بھی حاصل کرتے ہیں جو اس مبارک سلسلہ کے افراد کی فیض رسانی کا مرکز ہیں۔ خداوند عالم نے اس بابرکت گھر کی زیارت کا شرف بخشنے کے لئے حکم عام دیا کہ جس کے اندر سکت ہو وہ اس گھر کی زیارت اور اس کی برکتوں سے بہرہ مند ہونے ضرور آئے۔ اس کے علاوہ اس حکم پر عمل پیرا نہ ہونے کے سلسلہ میں روایات میں بڑی شدید دھمکیاں بھی دی گئیں ہیں مثلاً اگر کوئی شخص استطاعت کے باوجود حج نہ کرے تو وہ یہودی یا عیسائی مرتا ہے، مسلمان نہیں مرتا جبکہ اسلام پر دنیا سے جانا وہ عظیم شرف ہے جس کیلئے انبیا الٰہی نے بھی دعا فرمائی ہے۔ گویا اس فریضہ کی بجا آوری استطاعت کی صورت میں لازم ہے اور صاحبان توفیق اس پر عمل بھی کرتے ہیں اور اس مبارک سفر کی برکتوں سے بہرہ مند بھی ہوتے ہیں البتہ انہیں اس بات کا خیال رکھنا چاہئے کہ فریضہ حج ایک خالص عبادت ہے اور عبادت کے لئے خلوص نیت کی ضرورت ہوتی ہے، دکھاوے کا جذبہ عبادت کے اجر وثواب کو ضائع کر دیتا ہے لہٰذا سفر کی تمہید، درمیان سفر اور سفر کے بعد ہر اس عمل سے پرہیز ضروری ہے جس میں دکھاوے کی بو آتی ہو۔ انسان کو چاہئے کہ خدا کیلئے حاجی ہو بندوں کیلئے نہیں ورنہ جب نماز پڑھنے کے بعد اپنے نام کے ساتھ نمازی کا لقب جوڑنا مناسب نہیں تو فریضہ حج کے بعد خود اپنے کو الحاج کے لقب سے مزین فرما لینا کس طرح مناسب ہو سکتا ہے؟ جس سے عمل کے برباد ہو جانے کا خطرہ ہے اور خطرات کی طرف متوجہ رہنا اور متوجہ کرنا سب کا فریضہ ہے لہٰذا اگر عمل کی بربادی کے خطرات سے بچ کر اس فریضہ کو اس کی شان وشوکت کے ساتھ انجام دیا جا سکا تو یقیناً بارگاہ الٰہی میں قابل قبول ہوگا اور جو چیز خدا کی بارگاہ میں قبول ہو جائے اس کی برکتوں کا اندازہ نہیں لگایا جا سکتا ہے۔ امام سجادؑ فرماتے ہیں: تقویٰ کے ساتھ کوئی عمل کم نہیں ہوتا اور وہ کیسے کم ہو سکتا ہے جو خدا کی بارگاہ میں قبول ہو جائے۔ گویا اس عبادت کیلئے بھی دوسری عبادتوں کی طرح تقویٰ بنیادی شرط ہے جس کے بغیر کوئی عبادت قبول نہیں ہوتی خدا صرف متقین کے عمل کو قبول کرتا ہے۔ اگر انسان تقویٰ الٰہی کیساتھ اس نیت سے کہ جو گناہ اب تک کئے ہیں انہیں ہمیشہ کیلئے ترک کر دے گا اور آئندہ بھی گناہوں کا ارتکاب نہیں کرے گا اس عظیم فریضہ الٰہی کو بجا لائے تو اس بابرکت سفر کی برکتوں سے فیضیابی یقینی ہے اس مبارک سفر سے جو برکتیں حاصل ہوتی ہیں ان کا اندازہ وہ حضرات بخوبی لگا سکتے ہیں جن کو یہ سعادت نصیب ہو چکی ہے۔ خداوند عالم سب کو اس عظیم فریضہ کی بجا آوری اور اس کی برکتوں سے بہرہ مند ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔

عازمین حج کا سعودی عرب پہنچنے کا سلسلہ جاری

مکہ مکرمہ، یکم جون (وس)۔ حج کی سعادت حاصل کرنے کیلئے عازمین کا سعودی عرب پہنچنے کا سلسلہ جاری ہے۔ عرب میڈیا کے مطابق پاکستان سمیت مختلف ممالک سے عازمین حج سعودی عرب پہنچ رہے ہیں جہاں ان کا سعودی حکام کی جانب سے شاندار استقبال کیا جا رہا ہے۔ عرب میڈیا کے مطابق سعودی عرب کے وزیر ٹرانسپورٹ اور لاجسٹک سروسز صالح الجاسر نے منگل کو جدہ کے کنگ عبدالعزیز انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر عازمین حج کے پہلے گروپ کا استقبال کیا۔ صالح الجاسر نے کہا کہ حجاج کرام کی خدمت کیلئے 6 اہم ایئرپورٹس مختص کیے گئے ہیں۔ عرب میڈیا کے مطابق منگل کو پاکستان اور بنگلادیش سے عازمین حج کی فلائٹس سعودی عرب پہنچیں۔

یمن پر امریکی حملے تل ابیب کی حمایت میں کیے جا رہے ہیں

صنعاء۔ یکم مئی (مہر خبر رساں ایجنسی رصدائے حسینی) یمن کی انصار اللہ کے سربراہ عبدالملک الحوثی نے اپنے خطاب میں کہا: یمن کیخلاف امریکی جارحیت صیہونی حکومت کی حمایت میں ہو رہی ہے اور یہ جارحیت تل ابیب کے درمیان موجودہ جنگ کا حصہ ہے۔ اس ہفتے تقریباً 1300 فلسطینی، جن میں زیادہ تر خواتین اور بچے ہیں، شہید اور زخمی ہوئے ہیں۔ صیہونی دشمن نے غزہ پر اپنے حملوں میں سات ہزار سے زائد خاندانوں کو مکمل طور پر تباہ کر دیا ہے۔ ان حملوں کو نسل کشی تصور کیا جاتا ہے۔ اسرائیلی حکومت نے غزہ کی پٹی میں طبی خدمات کی فراہمی کو ختم کرنے کی کوشش میں 1400 سے زائد ڈاکٹروں کو شہید کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس پٹی کا محاصرہ مسلسل دوسرے مہینے میں جاری ہے جب کہ قحط نے 20 لاکھ سے زائد فلسطینیوں کو موت کے خطرے میں ڈال دیا ہے۔ بچی ہوئی تھوڑی سی خوراک پر خواتین اور بچوں کے جمع ہونے کے مناظر عالمی برادری کیلئے شرمناک ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ لبنان کے بارے میں میں یہ بھی کہوں گا کہ صیہونی دشمن اس ملک کے خلاف اپنی جارحیت جاری رکھے ہوئے ہے اور قابل غور بات یہ ہے کہ دشمن نے اس ہفتے لبنان میں نئی جگہوں پر قبضہ کیا ہے۔ انصار اللہ یمن کے سربراہ نے کہا کہ لبنان میں مزاحمت صیہونی دشمن کے خلاف ایک حقیقی ڈھال کے طور پر کام کر رہی ہے اور اگر مزاحمت نہ ہوتی تو صیہونی لبنان پر مکمل قبضہ کر چکے ہوتے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم حزب اللہ اور اس کے سیکرٹری جنرل کو سلام پیش کرتے ہیں جنہوں نے ایک طاقتور خطاب کے ذریعے دشمن کو خبردار کیا اور ہم واضح طور پر کہتے ہیں کہ صیہونی جارحیت کے خلاف ہم ان کے ساتھ کھڑے ہیں۔ یمن کی انصار اللہ کے سربراہ نے کہا کہ شام کے بارے میں، ہم ابھی تک اس ملک میں صیہونی حکومت کی جارحیت اور قبضے کا مشاہدہ کر رہے ہیں۔ مصر کے حوالے سے میں یہ بھی کہوں گا کہ مجرم ٹرمپ مصر کو نشانہ بنانے کا ارادہ رکھتا ہے کیونکہ اس نے نہر سویز کے حوالے سے بیانات دیے تھے۔ امریکہ اور صیہونی حکومت کی توسیع پسندی ہر کسی کو نشانہ بناتی ہے اور کوئی بھی اس جارحیت سے مستثنیٰ نہیں ہے۔ تیسرے ہزاریے کے آغاز کے ساتھ ہی صیہونی امت اسلامیہ کے خلاف اپنے مذموم منصوبوں کو عملی جامہ پہنانے کے ایک نئے مرحلے میں داخل ہو گئے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ صیہونی منصوبے کے دو حصے ہیں: فوجی حملہ اور نرم جنگ۔ انہوں نے آخر میں کہا کہ امت اسلامیہ کے حالات اس نہج پر پہنچ چکے ہیں کہ 57 ممالک غزہ کی پٹی میں ایک روٹی کا ٹکڑا یا دودھ کی بوتل تک غزہ نہیں پہنچا سکتے جو کہ نہایت شرمناک ہے۔

بنگلہ دیش میں ڈھاکہ چٹگاؤں ہائی وے جام

ڈھاکہ۔ یکم مئی (وس)۔ بنگلہ دیش میں ڈھاکہ چٹگاؤں ہائی وے پر کل آدھی رات سے آج دوپہر تک 30 کلومیٹر طویل جام رہا۔ جس کی وجہ سے ٹریفک کا نظام درہم برہم ہوگیا۔ یہ صورتحال اس وقت پیدا ہوئی جب ... کے علاقے نورپتلہ میں ایک وین الٹ گئی۔ کچھ ہی دیر میں منشی گنج کے گجریا ضلع تک ... جام ہوگیا۔ چند گھنٹوں کے بعد ہائی وے کی دونوں لین پر ٹریفک رک گئی۔ ... نے رپورٹ کیا کہ آج رات تقریباً 12:30 بجے ٹریفک آہستہ آہستہ چلنا شروع ہوئی ... سڑک پر گاڑیوں کا شدید دباؤ تھا۔ ایلیٹ گنج ہائی وے پولیس اسٹیشن کے انچارج ... نے بتایا کہ رات کے وقت حادثے کے چند گھنٹے بعد ٹریفک جام شروع ہوگیا اور گاڑیوں نے غلط راستہ اختیار کرنا شروع کر دیا تو صورتحال مزید خراب ہوگئی۔ گجریا پولیس اسٹیشن کے انچارج افسر انور عالم آزاد نے تصدیق کی کہ چندینا میں رات کے حادثے کا اثر ... پہنچ گیا۔ اس دوران پھنسے ہوئے مسافروں نے مایوسی اور تھکن کا اظہار کیا۔ ... اپنے خاندان کے ساتھ کملا کے دیویوار میں ایک شادی کی تقریب میں جا رہی تھیں، ... کی مائیکروبس آج نارائن گنج سے آسانی سے روانہ ہوئی لیکن تقریباً 12:15 بجے گجریا میں پھنس گئی۔ واضح رہے کہ بنگلہ دیش میں ڈھاکہ چٹگاؤں ہائی وے پر کل آدھی رات سے آج دوپہر تک 30 کلومیٹر طویل جام رہا۔ جس کی وجہ سے ٹریفک کا نظام درہم برہم ہوگیا۔

نئی پابندی امریکہ کی دوسرے ممالک کے حقوق پر ڈاکہ ڈالنے کی پرانی روش ہے، ایران

تہران۔ یکم رمئی (مہر خبررساں ایجنسی رصدائے حسینی) ایران کی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے تہران کے ساتھ اقتصادی اور تجارتی شعبوں میں تعاون کے بہانے ایران اور دیگر کئی ممالک میں بعض افراد اور قانونی اداروں کے خلاف نئی امریکی پابندیوں کی شدید مذمت کی ہے۔ انہوں نے ایران کے خلاف امریکہ کی ظالمانہ پابندیوں کو انسانی حقوق اور بین الاقوامی قوانین کی صریح خلاف ورزی قرار دیا۔ بقائی نے کہا کہ گزشتہ چند دنوں میں ایرانی کمپنیوں کے خلاف جو پابندیاں عائد کی گئی ہیں وہ امریکہ کی دوسرے ممالک کے حقوق اور مفادات پر ڈاکہ ڈالنے کی پرانی روش ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکی پالیسی ساز اقتصادی دہشت گردی کے ذریعے ترقی پذیر ممالک کے درمیان دوستانہ اور قانونی تعلقات میں خلل ڈالنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان نے نئی پابندیوں کو ایرانی قوم کے خلاف زیادہ سے زیادہ دباؤ کی ناکام اور مجرمانہ پالیسی کا شاخسانہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ اقدام امریکی فیصلہ سازوں کے متضاد رویے اور سفارت کاری کو آگے بڑھانے میں ان غیر سنجیدگی کا ایک اور واضح ثبوت ہے۔ انہوں نے ایرانی عوام کے خلاف امریکہ کی دشمنی کی طویل تاریخ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ مذکورہ پابندیوں سے ایرانی عوام کی امریکہ پر بے اعتمادی اور گہرے شک کو تقویت ملتی ہے۔

ازدواجی زندگی کے 6 خفیہ دشمن

ازدواجی زندگی صرف محبت اور چاہت پر قائم نہیں رہتی بلکہ اس کے پائیدار' خوشگوار ہونے کیلئے کئی اہم پہلوؤں پر مسلسل توجہ دینا ضروری ہوتا ہے۔ اگر ان پہلوؤں کو نظرانداز کیا جائے تو وقت کیساتھ یہ عوامل ازدواجی رشتے کو کمزور اور بسا اوقات برباد بھی کر سکتے ہیں۔

ماہرین کا کہنا ہے کہ کچھ ایسے 'خاموش دشمن' ہوتے ہیں جو بظاہر معمولی نظر آتے ہیں، لیکن درحقیقت زندگی کی خوشیوں' سکون کو گھن کی طرح کھا جاتے ہیں۔ ذیل میں ایسے ہی چھ خطرناک عوامل کا تذکرہ کیا جا رہا ہے جن سے ہر جوڑے کو ہوشیار رہنا چاہیے:

مرد کا گھر بیٹھ جانا

اگر مرد گھر میں غیر فعال ہو جائے، باہر کی سرگرمیوں یا سماجی روابط سے کٹ جائے، تو یہ حالت نہ صرف اس کی نفسیاتی کیفیت کو متاثر کرتی ہے بلکہ پورے خاندان پر منفی اثر ڈالتی ہے۔ ایسے مرد اکثر مایوسی، بیزاری اور افسردگی کا شکار ہو جاتے ہیں، جس کا نتیجہ گھریلو جھگڑوں اور بے سکونی کی صورت میں نکلتا ہے۔

میڈیا کا منفی اثر

آج کل میڈیا، خاص طور پر سوشل میڈیا، انسان کی سوچ، توقعات اور طرز زندگی پر گہرا اثر ڈالتا ہے۔ یہ میڈیا غیر حقیقی معیار، جھوٹی خوشیوں اور مصنوعی محبت کے نمونے دکھا کر حقیقی زندگی سے انسان کو بدظن کر دیتا ہے، جو ازدواجی تعلقات میں ناراضگی اور بدگمانی کو جنم دیتا ہے۔

زیادہ کام اور اوور ٹائم

کام کی زیادتی اور دفتر میں طویل وقت گزارنا اگرچہ مالی اعتبار سے فائدہ مند ہو سکتا ہے، لیکن اس سے میاں بیوی کے درمیان وقت کی کمی پیدا ہوتی ہے، جو رفتہ رفتہ جذباتی دوری اور سردمہری میں تبدیل ہو جاتی ہے۔

ظاہری حالت کی خرابی

ازدواجی زندگی میں ایکدوسرے کیلئے خوبصورت اور جاذب نظر بنے رہنا بہت اہم ہوتا ہے۔ اگر میاں یا بیوی اپنی صفائی، لباس یا ظاہری سلیقہ شعاری کی طرف سے لاپرواہ ہو جائیں، تو اس سے باہمی کشش میں کمی آ جاتی ہے اور تعلق کی تازگی متاثر ہوتی ہے۔

دوسروں سے موازنہ کرنا

اپنی زندگی کا موازنہ دوسروں سے کرنا، خاص طور پر سوشل میڈیا پر نظر آنے والی "مثالی" زندگیوں سے، انسان کو اپنی نعمتوں سے غافل کر دیتا ہے۔ یہ عمل ناراضگی، حسد اور احساسِ کمتری کو جنم دیتا ہے، جو ازدواجی سکون کو ختم کر دیتا ہے۔

زندگی میں مقصد کا فقدان

جب میاں بیوی کے درمیان کوئی مشترکہ یا انفرادی مقصد نہ ہو تو زندگی بے رنگ اور بے سمت محسوس ہوتی ہے۔ ایسی حالت میں جذباتی خلا پیدا ہوتا ہے جو ایک وقت کے بعد رشتے کو بے جان کر دیتا ہے۔

خلاصہ

ایک کامیاب ازدواجی زندگی کے لیے ضروری ہے کہ ان چھ عوامل سے باخبر رہا جائے اور وقت رہتے ان کا حل نکالا جائے۔ ورنہ یہ خفیہ دشمن آہستہ آہستہ زندگی سے خوشی، محبت اور سکون کو ختم کر دیتے ہیں۔

حشد الشعبی عراق کی حفاظت میں اہم کردار ادا کر رہی ہے، عمار الحکیم

بغداد۔ یکم رمئی (مہر خبررساں ایجنسی رصدائے حسینی) عراق کی قومی حکمت پارٹی کے سربراہ سید عمار حکیم نے کہا کہ حشد الشعبی عراق کی حفاظت میں اہم کردار ادا کرتی ہے اور اگر عراق میں اس تنظیم کے جوانوں کا پاک لہو نہ ہوتا تو ملک کبھی آزاد نہ ہوتا۔ انہوں حشد الشعبی کی قربانیوں کا ذکر کرتے ہوئے سیکورٹی اقدامات اور عسکری کامیابیوں کو جاری رکھنے پر زور دیا۔ عمار الحکیم نے حشد الشعبی کی سخت عسکری تربیت کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہ کہا کہ یہ مسئلہ احتیاط اور سنجیدگی کا متقاضی ہے کیونکہ اس تنظیم کی عزت اور ساکھ کا تحفظ ہر ایک کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ عراق میں موجود امن واستحکام شاید بہت سے ممالک میں موجود نہ ہو اور یہ خدا کے فضل اور حشد الشعبی اور دیگر سیکورٹی فورسز کی قربانیوں کا مرہون منت ہے عمار حکیم نے کہا کہ دہشت گردی عراقیوں کو امن کے لئے ایک دوسرے کی حمایت کرنے کی ضرورت کو پہچاننے کا ایک موقع ہے اور اگر یہ چیلنج نہ ہوتا تو آیت اللہ العظمی سید علی سیستانی کے فتوے سے حشد الشعبی وجود میں نہ آتی۔ انہوں نے مزید کہا کہ دہشت گردی نے صدام کی بعث حکومت کی خدمت کی اور یہ بات بعض دہشت گرد سرغنوں کے اعترافات اور سابق حکومت میں ان کی تاریخ اور موقف سے ظاہر ہوتی ہے کہ انہوں نے طے شدہ منصوبے کے مطابق بغداد میں داخل ہونے کا منصوبہ بنایا تھا لیکن انہوں نے مرجعیت کی جانب سے دفاعی جہاد کے فتوے اور حشد الشعبی کی تشکیل کو نظرانداز کیا تھا۔

جمہوریہ اسلامی ایران کے ہندوستان سے رشتے قدیم ومضبوط

ڈاکٹر عبدالمجید حکیم الٰہی نمائندہ ولی فقیہ نے صحافیوں سے ملاقات کرتے ہوئے اظہار خیال کیا

نئی دہلی۔ یکم رمئی (ای میل) یہاں ایران کلچرل ہاؤس میں واقع دفتر نمائندہ رہبر معظم انقلاب اسلامی ایران، ڈاکٹر عبدالمجید حکیم الٰہی نے صحافیوں سے ایک بے تکلف خصوصی ملاقات کی۔ اس دوران انھوں نے جمہوریہ اسلامی ایران اور جمہوریہ ہندوستان کے درمیان پائے جانے والے دیرینہ رشتوں کا خصوصی ذکر کیا۔ انھوں نے کہا کہ مذکورہ بالا دونوں ملکوں کے علمی، ادبی، ثقافتی، اقتصادی اور سفارتی رشتے بہت قدیمی ہیں۔ انھوں نے کہا کہ بہت ساری چیزوں میں یکسانیت ہے اور یہ ایسا ہے کہ جو دوسرے ملک میں نہیں ہے۔ انھوں نے کہا کہ یہاں آنے کے بعد اپنے پن کا احساس ہوتا ہے۔ ہندوستان ایک ایسی سرزمین ہے جہاں اپنے وطن جیسی خوشبو محسوس ہوتی ہے۔ صحافیوں سے بات کرتے ہوئے ڈاکٹر الٰہی نے کہا کہ آج دنیا کو اس بات کا علم ہو چکا ہے کہ صحافت اور صحافی کی اہمیت وافادیت کیا ہے۔ انفارمیشن ٹیکنالاجی کے اس دور میں شعبہ صحافت کے تعلق سے نہ صرف ایک شعبہ بلکہ پوری پوری یونیورسٹیاں قائم کی جا رہی ہیں۔ انھوں نے کہا کہ صحافی کا کام صرف رپورٹنگ نہیں ہے بلکہ حالات پر تبصرہ وتجزیہ کرنا بھی ہے۔ انھوں نے کہا کہ صحافی کی ایک خبر کسی حکومت کو بچا بھی سکتی ہے اور اس کو گرا بھی سکتی ہے۔ انھوں نے کہا کہ شیئر بازار محض ایک خبر سے دھڑام ہو جاتے ہیں اور ایک خبر سے اٹھ بھی جاتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ پوری دنیا کی لگام اب صحافیوں کے ہاتھ میں ہے۔ نمائندہ ولی فقیہ نے کہا کہ جہاں ایک طرف صحافیوں اور صحافت کی اہمیت وافادیت ہے وہیں ان کے سامنے بڑے چیلنجز بھی ہیں۔ ان پر سیاسی اور اقتصادی دباؤ بھی بہت ہے۔ اس سے کیسے بچنا ہے اور اپنی ذمہ داریوں کو کیسے ادا کرنا ہے یہ بہت اہم ہے۔ انھوں نے کہا کہ ایک صحافی بوسیدہ اور معمولی زندگی گزارتا ہے کیونکہ اس کو معلوم ہے کہ وہ بہت بڑی خدمات انجام دے رہا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ایک اچھے صحافی کے لیے ضروری ہے کہ وہ ایماندار ہو، صادق ہو، تخلیق کار ہو، تجزیہ نگار ہو۔ وہ غیر جانبدار ہو اور تعصب کو الگ رکھ کر صحافت کرے۔ نمائندہ ولی فقیہ عبدالمجید حکیم الٰہی نے کہا کہ صحافی کا کام ذہن سازی اور انسان سازی بھی ہے۔ وہ سماج کے لیے مشعل راہ ہوتا ہے۔ عام انسان تو اندھا ہوتا جس کو راہ دکھانے کا کام صحافی کرتا ہے۔ واضح رہے کہ عبدالمجید حکیم الٰہی نے آیت اللہ مہدی مہدوی پور کی سبکدوشی کے بعد حال ہی میں دفتر رہبر معظم کی ذمہ داری سنبھالی ہے۔ آپ کئی یونیورسٹیوں کی مجلس عاملہ کے رکن ہیں۔ سابق وائس چانسلر بھی رہے ہیں۔ دنیا کے ممالک میں اپنا تحقیقی خطبہ پیش کر چکے ہیں۔ ایران حکومت کی جانب سے کئی اہم عہدوں پر فائز رہے ہیں۔ کئی کتابوں اور تحقیقی مقالات کے مصنف بھی ہیں۔ درس وتدریس کی خدمات بھی برسوں تک انجام دی ہے۔ ہندوستان کے لوگوں سے ملاقات کرنے کے بعد ان کا کہنا ہے کہ یہاں کے لوگ لاجواب ہیں۔ ان میں انکساری اور محبت کوٹ کوٹ کر پائی جاتی ہے۔ ادب واخلاقیات ان کی زندگی کا جز معلوم ہوتا ہے۔

تلنگانہ میں 'بھو بھارتی' قانون پر عوامی جوش وخروش
11,630 درخواستیں موصول، وزیر پونگولیٹی

حیدرآباد۔ یکم/ مئی (سفیر نیوز/صدائے حسینی) تلنگانہ حکومت نے بھومسائل کے مستقل حل کے لیے 14 اپریل کو ڈاکٹر امبیڈکر جینتی کے موقع پر "بھو بھارتی " قانون کا آغاز کیا۔ ابتدائی طور پر ریاست کے چار منڈلوں میں اس قانون کا پائلٹ عمل جاری ہے۔ اب تک 72 ریونیو دیہاتوں میں سیشنز مکمل کیے جا چکے ہیں جن میں 11,630 درخواستیں وصول ہوئیں۔ ریاست بھر کے 555 منڈلوں میں عوامی آ گاہی پروگرام مکمل ہو چکے ہیں۔ وزیر ریونیو پونگولیٹی سرینواس ریڈی نے خود 20 اضلاع میں 45 اجلاسوں میں شرکت کی۔ حکومت اب 5 مئی سے ہر ضلع میں ایک منڈل کا انتخاب کر کے قانون کو مکمل طور پر نافذ کرنے کی تیاری کر رہی ہے۔ وزیر پونگولیٹی نے کہا کہ " بھو بھارتی " قانون کسانوں کے لیے ایک انقلابی قدم ہے جو عدالتوں کے بجائے ریونیو دفاتر میں ہی بھومسائل کا حل فراہم کرے گا۔

مولانا خالد سیف اللہ رحمانی سے نظام آباد کے نمائندہ وفد کی تفصیلی ملاقات
جے اے سی پرسنل لا بورڈ کے تمام پروگرامس کو روبہ عمل لانے کی مجاز صدر بورڈ کا بیان

نظام آباد۔ یکم / مئی (پریس نوٹ)صدر آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ مولانا خالد سیف اللہ رحمانی نے آج نظام آباد کے مسلم جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے نمائندہ وفد سے ملاقات کی اس موقع پر صدر بورڈ نے مسلم جے اے سی کی جانب سے پرسنل لا بورڈ کی ہدایات اور چھ نکاتی احتجاجی لائحہ عمل پر موثر عمل آوری کیلئے مجوزہ کمیٹی کو مجاز قرار دیتے ہوئے ان پروگراموں کو روبہ عمل لانے کی ہدایت دی اس سلسلہ میں بورڈ نے ایک تفصیلی مکتوب بھی کمیٹی کے نمائندوں کے حوالے کیا جس میں مسلمانان نظام آباد سے اپیل کی گئی کہ نظام آباد ضلع ایک کثیر مسلم آبادی والا علاقہ ہے جہاں مختلف ملی تنظیمیں سرگرم عمل ہیں۔ یہاں کے مسلمانوں نے بہ اتفاق آرا مفتی سعید اکبر کی سرپرستی اور مولانا احمد عبدالعظیم کو کنوینر نامزد کرتے ہوئے ایک جوائنٹ ایکشن کمیٹی بنائی ہے۔ آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ تمام چھ احتجاجی پروگرام کے موثر انتظام وانصرام کیلئے اس کمیٹی کو مجاز قرار دیا ہے۔ مسلمانان نظام آباد سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ جے اے سی کا مکمل تعاون کریں اور آپسی اتحاد و اتفاق کو فروغ دیتے ہوئے کام انجام دیں۔ آج نظام آباد کے وفد مولانا کریم الدین کمال، مولانا سید سمیع اللہ صدر جمعیت العلماء، مولانا عابد قاسمی صدر حج سوسائٹی، مولانا شیخ حیدر قاسمی تنظیم آئمہ و حفاظ، مفتی یاسر اویس قاسمی، یحیی ظفر صدر بیت المال، محمد افضل سابق صدر عیدگاہ کمیٹی، جناب ایم این بیگ زاہد سابق سکریٹری جماعت اسلامی حلقہ آندھرا پردیش، محمد شعیب اور محمد اکبر شامل ہیں۔ آج کی اس ملاقات کے موقع پر مولانا غیاث احمد رشادی کنوینر پروگرام کمیٹی بورڈ برائے تلنگانہ اور مولانا عمر عابدین قاسمی بھی موجود تھے۔ قبل ازیں کمیٹی نے آج صبح بیرسٹر اسد الدین اویسی سے ملاقات کرتے ہوئے تفصیلات سے واقف کرایا۔ واضح رہے کہ نظام آباد میں چند یوم قبل منعقدہ ایک اجلاس میں ایک شخص کے نام کو کنوینر کی حیثیت سے نامزد کرنے کے بعد انتشار اور اختلاف پیش نظر مفتی سعید اکبر کی سرپرستی میں اور مولانا احمد عبدالعظیم سابق ناظم وفاق العلما کو کنوینر کی زیرنگرانی ایک جوائنٹ ایکشن کمیٹی کی تشکیل عمل میں لائی گئی تھی۔ جس میں تمام مکاتب فکر ملی تنظیموں، سیاسی، سماجی فلاحی اداروں سے وابستہ نمائندہ افراد شامل تھے۔ اس جے ای سی کی جانب سے وقف ترمیمی ایکٹ کے خلاف زبردست جدوجہد کی جارہی ہے آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ کے صدر مولانا خالد سیف اللہ رحمانی نے مسلمانان نظام آباد کی جانب سے بہ اتفاق آرا اس کمیٹی کے قیام کو فعال نیک قرار دیتے ہوئے کہا کہ وقف کا مسئلہ مسلمانوں کیلئے نہایت اہم ہے یہ ہماری شہ رگ ہے اور پرسنل لا بورڈ مسلمانوں کا مشترکہ پلیٹ فارم ہے۔ جو اس ایکٹ کو واپس لینے کے مطالبہ کیساتھ جدوجہد کر رہا ہے اس کاز کیلئے مسلمانوں کا باہمی اتحاد و اتفاق ناگزیر ہے اور موجودہ صورتحال آپسی اتحاد و اتفاق کو قائم رکھیں، تمام تنظیموں میں سے ایک ایک نمائندہ کو بطور کو کنوینر اس کمیٹی میں شامل کرنے کی انہوں نے ہدایت دی۔

ایس سی آر نے اپریل 2025 میں 12.363 ملین ٹن مال برداری درج
گزشتہ سال کے مقابلے میں تمام اشیا کی لوڈنگ میں 6 فیصد اضافہ

